# مغل آئرن اینڈ اسٹیل انڈسٹریز لمیٹڈ

## سالانہ اجلاسِ عام کا نوٹس

بذریعہ نوٹس، اطلاع دی جاتی ہے کہ مغل آئرن اینڈ اسٹیل انڈسٹریز لمیٹڈ (کمپنی) کے ممبران (آرڈنری اور آرڈنری کلاس-سی) کا سولہواں سالانہ اجلاس عام (اجلاس) مورخہ 28 اکتوبر 2025 بروز منگل بوقت 11:45 بجے صبح، بمقام آواری ہوٹل، 87-شاہراہِ قائداعظم، لاہور میں، مندرجہ ذیل کاروباری امور کی انجام دہی کیلئے منعقد ہوگا:

### عام کاروباری امور

**1**۔ 30 جون 2025 کو ختم ہونے والے مالی سال کے، کمپنی کے علیحدہ اور یکجا آڈٹ شدہ مالی بیانات، بشمول چیئرمین کی جائزہ رپورٹ، ڈائریکٹرز کی رپورٹ اور آڈیٹرز کی رپورٹ کو وصول کرنا، زیرِغور لانا اور منظور کرنا۔

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 223 اور 21 مارچ 2023 کو جاری کردہ SRO389(I) کے تحت، سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی بیانات بمعہ کمپنی کی رپورٹس درج ذیل QR-Enabled Code اور ویب لنک کے ذریعے حاصل کیے جاسکتے ہیں۔

**https://mughalsteel.com.pk/annual-reports-for-the-last-three-financial-years/?v=null**

**QR CODE**

**2**۔ 30 جون 2026 کو ختم ہونے والے سال کے لیے آڈیٹرز کی تقرری اور معاوضہ کو مقرر کرنا۔

آڈٹ کمیٹی کی سفارش پر، بورڈ آف ڈائریکٹرز نے ریٹائر ہونے آڈیٹرز، ایم/ایس فضل محمود اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس، اور ایم/ایس منیف ضیاء الدین اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کو اہلیت کی بنا پر، ان کی رضامندی حاصل کرنے کے بعد بطور مشترکہ آڈیٹرز دوبارہ تقرری کی سفارش کی ہے۔

**3**۔ 31 اکتوبر 2025 سے شروع ہونے والی تین سالہ مدت کیلئے کمپنی کے ڈائریکٹرز کے انتخاب کرنا۔ ریٹائر ہونے والے ڈائریکٹرز کے نام درج ذیل ہیں:

**1**۔ جناب مرزا جاوید اقبال
**2**۔ جناب خرم جاوید
**3**۔ جناب جمشید اقبال
**4**۔ جناب محمد متین جمشید
**5**۔ جناب محمد مبین طارق مغل
**6**۔ جناب فضیل بن طارق
**7**۔ جناب عبدالرحمٰن قریشی
**8**۔ جناب شعیب احمد خان
**9**۔ محترمہ مریم خاور

ریٹائر ہونے والے ڈائریکٹرز دوبارہ انتخاب کے اہل ہیں، ماسوائے جناب عبدالرحمٰن قریشی کے، جن کی بطور آزاد ڈائریکٹر مدت مکمل ہوچکی ہے، لہٰذا وہ اس حیثیت سے دوبارہ انتخاب کے اہل نہیں ہیں۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز نے کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ (1)159 کے تحت آئندہ اجلاس میں منتخب ہونے والے ڈائریکٹرز کی تعداد سات مقرر کی ہے کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (3)166 کے تحت درکار بیان منسلک ہے۔

### خصوصی کاروباری امور

4۔ ایسے لین دین جو متعلقہ پارٹیز کے ساتھ سال کے دوران کیے گئے ہوں یا آنے والے سال کے دوران کیے جانے ہوں، ان کو زیرِغور لانا اور اگر مناسب سمجھا جائے تو، ایسے لین دین کی توثیق اجلاس کے نوٹس کے ساتھ منسلک کردہ کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ (3)134 کے تحت درکار بیان میں تجویز کردہ خصوصی قراردادوں کو منظور کرنا۔

کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ (3)134 کے تحت درکار اوپر دیئے گئے خصوصی امور سے منسلک میٹریل فیکٹس کا بیان، نوٹس کے ساتھ ممبران کو بھجوا دیا گیا ہے۔

لاہور: 06 اکتوبر 2025

بحکم بورڈ

محمد فہد حفیظ

کمپنی سیکرٹری

## نوٹس:

### 1۔شیئرز منتقلی کی کتابوں کی بندش

کمپنی کی شیئرز منتقلی کی کتابیں (آرڈنری اور آرڈنری کلاس-سی)، 17 اکتوبر 2025 سے 28 اکتوبر 2025 تک (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔ وہ فزیکل ٹرانسفرز/سی ڈی ایس ٹرانز یکشن آئی ڈیز جو کمپنی کے شیئر رجسٹرار، میسرز ٹی۔ایچ۔کے۔ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، C-32، جامی کمرشل اسٹریٹ نمبر 2، ڈی۔ایچ۔اے، فیز-VII، کراچی، کو 16 اکتوبر 2025 کو کاروبار کے اختتام تک موصول ہوں گی، انہیں اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کے مقصد کے لیے بروقت تصور کیا جائے گا۔

### 2۔پراکسی

اِس اجلاس میں حصہ لینے اور ووٹ ڈالنے کا حقدار کمپنی کا ممبر اس اجلاس میں شرکت کرنے، بولنے اور رائے دہندگی کے لئے کمپنی کے کسی دوسرے ممبر کو اپنا/اپنی پراکسی مقرر کر سکتا/سکتی ہے۔ ایک ممبر ایک سے زیادہ پراکسی مقرر کرنے کا حقدار نہیں ہوگا۔ پراکسی کا تقرر کرنے والے فارم کو مناسب طریقے سے مکمل ہونا چاہیے اور درست ہونے کیلئے، کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو اجلاس کے مقررہ وقت سے 48 گھنٹے قبل موصول ہونا لازمی ہے۔

پراکسی تقرری کرنے والے ممبر کی کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) کی تصدیق شُدہ کاپی پراکسی فارم کے ساتھ منسلک کرنا لازمی ہے۔ ایک کمپنی یا ایک کارپوریشن جو کمپنی کی ممبر ہے، اجلاس میں شرکت اور ووٹ کیلئے اپنے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد کے ذریعے نمائندہ مقرر کر سکتی ہے۔ ایسے ممبران کو، جنہوں نے اپنے شیئرز سنٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ میں جمع کرائے ہیں، مزید مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ ایس ای سی پی (SECP) کے سرکلر نمبر (1) آف 2000 کی ہدایات پر عمل کریں۔

اجلاس کیلئے لاگو ہونے والے پراکسی فارم کی ایک کاپی ممبران کو نوٹس بھیجنے کے ساتھ فراہم کی جا رہی ہے۔ مزید یہ کہ پراکسی فارم کی کاپیاں عام دفتری اوقات میں کمپنی کے رجسٹرڈ آفس سے بھی حاصل کی جا سکتی ہیں یا کمپنی کی ویب سائٹ www.mughalsteel.com سے ڈاؤن لوڈ کی جا سکتی ہیں۔

### 3۔آن لائن شرکت بذریعہ زوم

ممبران کو اجلاس میں الیکٹرانک طریقے سے شرکت کی سہولت فراہم کرنے کیلئے زوم ویڈیو لنک کی سہولت بھی فراہم کی جا رہی ہے۔ اس مناسبت سے دلچسپی رکھنے والے ممبران سے درخواست ہے کہ وہ درج ذیل درکار تفصیلات 22 اکتوبر 2025 کو کاروباری دن کے اختتام (شام 5 بجے) تک fahadhafeez@mughalsteel.com پر بھیج کر اپنی رجسٹریشن کروائیں۔

| ممبر کا نام | شناختی کارڈ نمبر/این ٹی این | سی ڈی سی پارٹیسپنٹ آئی ڈی/فولیو نمبر | موبائل نمبر | رجسٹرڈ ای میل ایڈریس |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

ضروری تصدیق کے بعد رجسٹر شدہ ممبران کو کمپنی کی جانب سے ان کی اسی ای میل ایڈریس پر جس سے انہوں نے کمپنی کو ای میل کی ہوگی ایک زوم ویڈیو لنک فراہم کر دیا جائے گا۔ صرف وہ ممبران جن کے نام 16 اکتوبر 2025 تک ممبران کے رجسٹر میں ظاہر ہوتے ہیں وہ زوم ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت اور ووٹ ڈالنے کے حقدار ہوں گے۔

### 4۔ویڈیو لنک کی سہولت

کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ (2)132 کے تحت، اگر کمپنی کسی مخصوص جغرافیائی مقام پر رہائش پذیر مجموعی طور پر 10 فیصد یا اس سے زیادہ شیئر ہولڈنگ رکھنے والے ممبران سے اجلاس کی تاریخ سے کم از کم سات (07) دن پہلے ویڈیو کانفرنسنگ کی سہولت فراہم کرنے کی درخواست وصول کرتی ہے تو کمپنی اس شہر میں ویڈیو کانفرنس کی سہولت کا بندوبست کرے گی بشرطیکہ اس شہر میں یہ سہولت میسر ہو۔

### 5۔میٹنگ میں تحائف

2025/(SRO452(I کے تحت، اجلاس میں کوئی تحائف تقسیم نہیں کیے جائیں گے۔

### 6۔ اجلاس کے لئے قانونی ضابطہ اخلاق

ممبران کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ 2017 کے کمپنیز ایکٹ کی دفعہ 215 اور کمپنیز (جنرل پروویژنز اینڈ فارمز) ریگولیشنز 2018 کے ضابطہ 28 کے تحت فراہم کردہ ضابطہ اخلاق پر عمل کریں۔ مزید برآں ممبران کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ ایس ای سی پی (SECP) کی جانب سے جاری کردہ ''گائیڈ'' یعنی عام اجلاسوں میں پیشہ ورانہ ضابطہ اخلاق کے رہنما اصول کے تحت اجلاس کے آداب کو بھی مدنظر رکھیں۔

## 7 ۔سالانہ رپورٹ اورنوٹس برائے سالانہ عمومی اجلاس کی ترسیل

کمپنی نے 30 جون 2025 کو ختم ہونے والے سال کیلئے سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارہ جات بمعہ رپورٹس ، کمپنی کی ویب سائٹ **https://mughalsteel.com.pk/** پر فراہم کر دئیں ہیں،اور ساتھ ساتھ ان ممبران کو بذریعہ ای میل بھی ترسیل کر دیئے ہیں،جنہوں نے ،اپنے ای میل ایڈریس فراہم کیے ہوئے تھے۔ یہ ہی سب پاکستان اسٹاک ایکسچینج لمیٹڈ کے PUCARS سسٹم پر بھی دستیاب ہیں اورانہیں نیچے دیئے گئے QR کوڈیا ویب لنک سے بھی ڈاؤن لوڈ کیا/ دیکھا جاسکتا ہے:

QR code

**https://mughalsteel.com.pk/annual-reports-for-the-last-three-financial-years/?v=null**

کوئی بھی ممبر اگر سالانہ رپورٹ 2025 کی پرنٹڈ نقل حاصل کرنا چاہے تو کمپنی کی ویب سائٹ پر موجود معیاری درخواست فارم کے ذریعے درخواست دے سکتا ہے، جو بغیر کسی قیمت کے سات (07) دن کے اندر فراہم کی جائے گی۔

سالانہ اجلاس عام کا نوٹس، جس میں، سالانہ رپورٹ بشمول سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے دیکھنے اور ڈاؤن لوڈ کرنے کیلئے درکار QR-Enabled Code اور ویب لنک میں ایڈریس شامل ہے، کمپنی کی ویب سائٹ www.mughalsteel.com پر فراہم کردیا گیا ہے۔ یہ نوٹس ممبران کو فزیکلی طور پر ارسال کرنے کے ساتھ ساتھ اُن ممبران کو ای میل کے ذریعے بھی بھیج دیا گیا ہے جنہوں نے اپنے ای میل ایڈریس فراہم کیے تھے۔ مزید برآں، یہ نوٹس اردو اور انگریزی زبانوں میں، قومی سطح پر اشاعت رکھنے والے روزنامہ اخباروں میں بھی شائع کردیا گیا ہے۔

## ڈائریکٹرز کا انتخاب

کوئی بھی رکن/ نامزد شخص جو ڈائریکٹر کے عہدے کے انتخاب میں حصہ لینا چاہتا ہو، چاہے وہ ریٹائر ہونے والا ڈائریکٹر ہو یا کوئی دوسرا فرد، اسے لازم ہے کہ وہ کمپنی کے رجسٹرڈ آفس، A-31، شادمان-I، لاہور پر، اجلاس کی تاریخ سے کم از کم چودہ (14) دن پہلے، اپنے انتخاب میں حصہ لینے کیلئے اپنے ارادے کا نوٹس جمع کروائے۔ انتخابات میں حصہ لینے کیلئے درکار درخواست/ نامزدگی کے ساتھ مندرجہ ذیل دستاویزات لگانا ضروری ہیں:

**a-** کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ 167 کے تحت درکار، مکمل اور دستخط شدہ، ڈائریکٹر کے طور پر کام کرنے کی رضامندی (Consent) کا فارم، جو کہ کمپنیز ریگولیشنز 2024 کے فارم 9 کے ضمیمہ (Appendix) پر ہو۔ ڈائریکٹر کے انتخاب میں حصہ لینے والے شخص کیلئے، اپنی رضامندی جمع کروانے کے وقت کمپنی کا ممبر ہونا لازمی ہے، سوائے اس صورت کے جب کوئی شخص ایسے رکن کی نمائندگی کر رہا ہو جو قدرتی شخص (natural person) نہ ہو۔

**b-** درست شناختی کارڈ/ پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقل اور قومی ٹیکس نمبر (این ٹی این) کا سرٹیفکیٹ؛

**c-** دیگر ڈائریکٹرشپ اور عہدوں کی تفصیل؛

**d-** کمپنی کی ویب سائٹ پر تعیناتی کے لیے دفتر کے پتے کے ساتھ تفصیلی پروفائل؛

**e-** دستخط شدہ ڈیکلریشن، جس میں اس بات کی تصدیق ہو کہ فریق "لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، 2019 کی ضروریات، کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ 153 اور دیگر قابل اطلاق قوانین وضوابط کے تحت اہلیت کے معیار پر پورا اترتا ہے۔

**f-** آزاد ڈائریکٹر کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعات 159 اور 166 کے مطابق منتخب کیے جائیں گے اور ان کیلئے کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 166 اور کمپنیز (آزاد ڈائریکٹرز کے انتخاب کے طریقہ کار) ریگولیشنز 2018 میں دیے گئے معیار پر پورا اترنا لازمی ہوگا۔ انتخابات میں آزاد ڈائریکٹر کے طور پر حصہ لینے کے خواہشمند امیدواروں کو مندرجہ ذیل اضافی دستاویزات جمع کروانی ہوں گی:

**a.** لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، 2019 کے ریگولیشن (3)6 کے تحت، آزاد ہونے کی ڈیکلریشن دینا؛ اور

**b-** غیر عدالتی اسٹامپ پیپر پر تحریری انڈرٹیکنگ، کہ مذکورہ شخص، کمپنیز (مینر اینڈ سلیکشن آف انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹرز) ریگولیشنز، 2018 کے ریگولیشن (1)4 میں درج شرائط پر پورا اترتا/ اُترتی ہے۔

## 9۔ پوسٹل بیلٹ کی سہولت اور سکروٹنائزر

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، 2018 (ریگولیشنز) کے تحت کمپنی کے ممبران کو الیکٹرانک ووٹنگ سہولت اور بذریعہ ڈاک ووٹ ڈالنے کا حق ان شرائط وضوابط کے تحت فراہم کیا جائے گا جو ریگولیشنز میں درج ہیں۔ ریگولیشن 11 کے تحت، ایم/ایس فضل محمود اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس (QCR Rated Audit Firm)، جو کمپنی کے قانونی آڈیٹر ہیں اور متعلقہ تجربہ رکھتے ہیں، کو اسکروٹنائزر کے طور پر مقرر کیا گیا ہے (اگر ڈائریکٹرز کے انتخابات کی صورت میں ضرورت پیش آئے) تا کہ وہ ریگولیشنز میں درج اپنی متعلقہ ذمہ داریاں ادا کر سکیں۔

## 10۔ جنرل

جن ممبران کے شیئرز فزیکل فارم میں ہیں، اُن سے گزارش ہے کہ اپنے ڈاک یا ای میل پتے میں کسی بھی تبدیلی کی صورت میں کمپنی کے شیئر رجسٹرار، ایم/ایس ٹی ایچ کے ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو فوراً مطلع کریں۔ جبکہ وہ ممبران جن کے شیئرز سی ڈی ایس (CDS) میں ہیں، اُنہیں چاہیے کہ اپنے پتہ/ای میل پتہ کی تبدیلی متعلقہ پارٹیسپینٹ یا سی ڈی سی اکاؤنٹ سروسز کے ذریعے کروائیں۔

وہ ممبران جو کسی وجہ سے اپنے منافع/شیئرز کا دعویٰ نہیں کر سکے، انہیں مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ ہمارے شیئرز رجسٹرار ایم/ایس ٹی ایچ کے ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ سے رابطہ کریں تا کہ اپنے غیر دعویٰ شدہ منافع/شیئرز کے بارے میں معلومات یا وصولی کر سکیں۔ اگر کوئی ہو۔

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 72(2) کے تحت تمام ممبران جو اپنے شیئرز فزیکل صورت میں رکھتے ہیں، سے گزارش ہے کہ وہ اپنے شیئرز کو جلد از جلد بک انٹری فارم (Book Entry Form) میں تبدیل کر لیں۔ اس تبدیلی سے ممبران کو کئی سہولتیں حاصل ہوں گی جن میں شیئرز کی محفوظ تحویل، ڈپلیکیٹ شیئرز کے اجرا کے لیے درکار رسمی کارروائیوں سے بچاؤ وغیرہ شامل ہیں۔ فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کروانے کے لیے ممبران اپنے بروکرز، سی ڈی سی پارٹیسپنٹس یا سی ڈی سی انویسٹرا اکاؤنٹ سروس سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

) کسی بھی سوال، مسئلے یا معلومات کے لیے ممبران مندرجہ ذیل سے رابطہ کر سکتے ہیں:

مسٹر ذیشان اعجاز فون نمبر: 35960841-42-92+ ای میل:fahadhafeez@mughalsteel.com اور/یا میسرز ٹی ایچ کے ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ فون نمبر:

+92-21-35310191-6

ای میل: sfc@thk.com.pk